21613-کیا کوئی عیسائی اسلام میں داخل ہوسکتا ہے ؟

سوال

مرحبا میرا نام ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ہے میں سویڈن کا رہائشی اور غیر مسلم ہوں ، لکن اسلام کا بہت زیادہ اہتمام کرتا ہوں تو کیا میرے جیسے شخص کے لیے مسلمان ہونا ممکن ہے ؟
مجھے محسوس ہوتا ہے کہ اسلام میرے افکار کے موافق ہے اور میں اسلام کے متعلق مزید معلومات چاہتا ہوں ۔

پسندیدہ جواب

اس ویپ سائٹ پر عزیز و کریم مہمان کو خوش آمدید ، ہم حقیقی طور پر آپ کے مشکور ہیں کہ آپ اسلام کا بہت اہتمام کر رہے ہیں اس لیے اللہ تعالی کے حکم سے یہ آپ کی ھدایت کا سبب بنے گا ۔

اور آپ کا یہ کہنا کہ اسلام میرے افکار کے موافق ہے آپ کے افکار کی پختگی اور سلیم ہونے پر دلالت کرتا ہے اور آپ کی اچھی فطرت حق کے موافق اور اسے قبول کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے ۔

اور پھر اللہ سبحانہ وتعالی کا بھی فرمان ہے :

.{اللہ تعالی کی وہ فطرت جس پر اس نے لوگوں کو پیدا فرمایا ہے}۔

اور آپ کا یہ سوال کہ آیا آپ مسلمان ہوسکتے ہیں ؟

تو اس کا جواب ہے کہ آپ بالکل یقینا مسلمان بن سکتے ہیں اس میں آپ جلدی کریں اور تردد اور شک کا شکار نہ ہوں ، ہم آپ کو اس وقت بطور سائل اور مستقبل قریب میں ان شاء اللہ اپنے ایک مسلمان بھائی ہونے کی حیثیت سے خوش آمدید کہتے ہیں ۔

اور آپ کو اس اچھی ابتدا پر مبارکباد دیتے ہیں کہ آپ کا سینہ قبول اسلام اور اس کی تعلیم کے لیے کشادہ ہوچکا ہے ، تو اب صرف آپ اتنا کریں کہ کلمہ شہادت پڑھ کر اسلام قبول کریں اور پھر اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہوں ، آپ اہم جوابات مندرجہ ذیل سوالات نمبروں پر پڑھ سکتے ہیں : 703 اور 378 اور 6703 اور 12373.

مستقبل میں ہمیں آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دیتے ہوئے بہت زیادہ خوشی محسوس ہوگی ، اور ہم اس دین حنیف کی فھم کے سلسلہ میں آپ کا تعاون کر کے خوش ہوں گے ۔

ہم آپ کے ایک دفعہ پھر مشکور ہیں ، اور سلامتی اس پر ہوتی ہے جو ھدایت کی پیروی کرتا ہے ۔ والسلام علی من اتبع الھدی ۔

واللہ اعلم .